سوال

(02) بسم اللہ کی جگہ 786 لکھنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا بسم اللہ کی جگہ 786 لکھا جاسکتا ہے یا نہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بسم اللہ کی بجائے تحریر میں 786 لکھنا کتاب و سنت سے ثابت نہیں ہے ۔ صحیح حدیث میں ہے :

من احدث فی امرنا ہذا ما لیس منہ فھو رد (1)

یعنی ''جو دین میں اضافے کا مرتکب ہو وہ مردود ہے۔''

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی جملہ کتابات و رسائل کتب احادیث میں محفوظ ہیں۔ سبھی کا آغاز بسملہ سے ہے۔ یہاں تک کہ جو چٹھیاں غیر مسلم روساء و ملوک کو لکھی گئیں ان کی ابتداء میں ''بسم اللہ الرحمٰن الرحیم'' سے ہے۔ (2)

---

(1) صحیح البخاری کتاب الصلح باب اذا اصطلحوا علی جور فالصلح مردود (2697)

(2) صحیح البخاری کتاب الجہاد والسیر باب دعا النبی صلی اللہ علیہ وسلم الی السلام والنبوة (2941) صحیح مسلم کتاب الجہاد باب کتب النبی صلی اللہ علیہ وسلم الی ھرقل (4607)

ھذا ما عندي واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ مدنیہ

ج1ص181

محدث فتویٰ